شعبۂ امور عامہ، سفارتخانہ امریکہ، نئی دہلی

پریس ریلیز

امریکن ایکسپریس شانتی پتھ، چانکیہ پوری، نئی دہلی - ۱۱۰۰۲۱ فون: ۲۴۱۹۸۰۰۰ (۹۱-۱۱) ایکسٹنشن: ۸۸۴۴
فیکس: ۲۴۱۹۸۰۱۷ (۹۱-۱۱) انٹرنیٹ: http://newdelhi.usembassy.gov

امریکی سفیر نینسی جے پاویل کا خطاب

بمقام امپیریل ہوٹل، نئی دہلی

7 نومبر 2012

[آغاز متن]

گڈ مارننگ، نمستے، اسلام علیکم۔ آپ کا بیحد شکریہ کہ آج جب ہم 57 ویں مرتبہ امریکی صدر کے انتخاب کا جشن منا رہے ہیں، آپ اس میں شریک ہوئے۔

میں سمجھتی ہوں کہ آپ نے سی این این کے پروجیکشن دیکھے، آپ نے ایسے ہی پروجیکشن فاکس نیوز اور اے بی سی نیوز پر بھی دیکھے۔ آپ کو یاد دلاؤں کہ گورنر رومنی اور الیکٹورل کالج کی جانب سے رضامندی کا بیان دیا جا رہا ہے، یہ ابھی مکمل طور پر ختم نہیں ہوا ہے۔ لیکن پروجیکشن یہ بتا رہے ہیں کہ صدر اوباما دوبارہ منتخب کر لئے گئے ہیں۔

ہمیں بیحد مسرت ہے کہ آج صبح اس تقریب میں حکومت ہند، میڈیا کے نمائندے، تاجر پیشہ افراد، طلبا، ہمارے فلبرائٹرس اور امریکی سفارتخانہ کے ڈھیروں احباب یہاں موجود ہیں۔ چنئی، حیدرآباد، کولکاتہ اور ممبئی میں ہمارے امریکی قونصل خانوں میں بھی ایسے ہی پروگرام کی میزبانی کی جا رہی ہے جنہیں ہم براہ راست نشر کر رہے ہیں۔

آپ سب کے ہمراہ میں انتخابی نتیجے دیکھتی رہی ہوں۔ صدر اوباما اور گورنر رومنی کے انتخابی مہم کے ایام امریکی عوام کے لئے ایک موقع ہوتے ہیں کہ وہ ملک کے تئیں اپنے تصور اور اپنے مستقبل کے تئیں اپنے خواب کا جائزہ لیں۔

ہندوستان کی طرح امریکہ میں بھی انتخاب کا دن بہت ہی خاص دن ہوتا ہے۔ ہم دنیا میں سب سے قدیم جمہوریت ہیں، اور یقیناً ہندوستان سب سے بڑی جمہوریت ہے۔ امریکہ میں دوست اور پڑوسیوں نے کافی فاصلہ طے کر کے ملک بھر میں پولنگ مراکز پر پہنچ کر اپنے حق رائے کا استعمال کیا ہوگا۔ کچھ لوگ صبح سویرے اپنے روزگار کے لئے نکلتے ہیں۔ دیگر شام تک انتظار کرتے ہیں۔ ہزارہا انتخابی رضا کاروں نے تمام دن ووٹروں کا استقبال کرتے، انہیں متعینہ مقامات تک لے جاتے، اور انہیں بیلٹ پیپر دیتے ہوئے یا انہیں ووٹنگ مشینوں تک رہنمائی کرتے ہوئے گزارا ہوگا۔ ووٹ دیکر باہر آتے ہوئے بہت سے لوگوں کو ایک اسٹکر ملا ہوگا جسمیں لکھا ہوتا ہے ''میں نے ووٹ دیا'' جو اُن دوسروں کے لئے ایک لطیف پیغام ہوتا ہے جو اسے بعد میں کسی وقت دیکھتے ہیں۔ یہ اس بارے میں پیغام نہیں ہوتا کہ اس نے ووٹ کسے دیا بلکہ رائے دہی میں شرکت کا پیغام ہوتا ہے اور دیگر لوگوں کے لئے یاددہانی کہ جمہوریت میں ہماری شراکت داری ہماری ذمہ داری ہے۔

جیسا کہ آپ جانتے ہیں، اور آپ لوگوں میں سے وہ جو آج صبح سے نظر رکھے ہوئے ہیں: اس انتخاب میں کانٹے کا مقابلہ رہا ہے۔ بہت سے پولنگ مراکز پر ووٹ 50/50 میں منقسم ہوا۔ یہ انتخاب دلچسپ رہا۔ دونوں فریقوں نے اپنی باتیں پوری توانائی اور جوش وخروش کے ساتھ پیش کیں۔ مباحثہ ایماندارانہ اور چیلنج سے پُر تھا۔ ابھی بھی ہم نے دیکھا کہ امریکی شہری اپنے اُن دوستوں اور ہمسایوں کے ہمراہ ووٹنگ مراکز پر جا رہے تھے جو دوسرے فریق کو ووٹ دینے جا رہے تھے، اور ووٹ دینے کے بعد پھر اکٹھا آ رہے تھے۔ بے لحاظ نتیجہ، میں سمجھتی ہوں کہ ہمارے دو ملکوں کے درمیان قریبی روابط جاری رہیں گے۔

مجھے امید ہے کہ آپ نے یہاں اس خوبصورت صبح اور ناشتہ کا لطف لیا ہوگا۔ امریکہ میں ابھی بھی منگل کی رات ہے اور ابھی بھی انتخابی دن ہے۔ لاکھوں امریکیوں کو

ابھی ابھی پتہ چلا ہے کہ صدر اوباما دوبارہ منتخب کر لئے گئے ہیں۔ وہ ابھی بھی اپنے پسندیدہ ٹی وی چینلوں سے چپکے ہوئے انتخابی نتائج دیکھ رہے ہیں۔ بڑی خبر یہ تھی کہ وھائٹ ہاؤس میں کون جائے گا' لیکن ہم امریکی کانگریس کے الیکشن پر بھی نظر رکھ رہے ہیں جہاں ایسا لگتا ہے کہ ریپبلکن پارٹی نے اپنی اکثریت برقرار رکھی ہے' اور سینیٹ میں 33 سیٹوں پر ڈیموکریٹ پارٹی نے اپنی اکثریت برقرار رکھی ہے۔ گیارہ ریاستیں اپنے اگلے گورنر کا بھی انتخاب کر رہی ہیں۔ میں سمجھتی ہوں کہ آپ ہماری دو ریاستوں کے گورنر کو یقینی طور پر جانتے ہیں۔ لوئسیانہ کے بابی جندل اور ساؤتھ کیرولینا کے نکی ہیلی جو ہندوستانی تارکین وطن کے دو بچے ہیں۔ گورنر ہیلی اور گورنر جندل دونوں کو آج سکون عطا ہوا کہ اُن میں سے کسی کو بھی دوبارہ انتخاب کے مرحلے سے نہیں گزرنا ہوگا۔

صدارتی انتخاب میں ووٹ دینے والوں میں سے بہت سے لوگوں نے آج یہ جانا کہ ان کا امیدوار جیت حاصل نہیں کر سکا۔ وہ مایوس ہو سکتے ہیں اور [ناقابل سماعت] کے بارے میں سوچ سکتے ہیں۔ لیکن ہم یہ بھی جانتے ہیں کہ وہ ایک بہتر امریکہ کی تعمیر کے لئے' اپنے ملک اور اپنی معیشت کو مضبوط کرنے کے لئے اپنی کوششیں جاری رکھیں گے' اور یہی بات مجھے ایک امریکی ہونے کے فخر کا احساس کراتی ہے' ایک جمہوریت پسند ہونے کا احساس۔

یہاں تشریف آوری کے لئے ایک بار پھر آپکا شکریہ۔ ہم امریکیوں کے لئے یہ دن مستقبل کے بارے میں سوچنے کا دن ہے۔ یہ ہمارے لئے فخر کا دن ہے۔

اس انتہائی خاص موقع پر ہمارے ساتھ شامل ہونے کے لئے ایک بار پھر آپکا شکریہ۔ [اختتام متن]